ایمانی قوت اور چارجنگ بیٹری

تحریر: میاں معاذ رزاق

چپس کھاتے ہوئے اس نے بات کی ابتدا کی

یار پتا نہیں کیا بات ہے جب بھی علمائے کرام کے اصلاحی مجالس میں بیٹھتا ہوں مجھے لگتا ہے جیسے میرے اندر کا مسلمان جاگ گیا ہے، نیک اعمال کرنے کو جی چاہتا ہے، بد اعمال سے توبہ کرنے اور اللہ سے دوستی بنانے کا عزم کر کے وہاں سے اٹھتا ہوں۔

لیکن۔۔۔۔۔

لیکن کیا؟

میں جو بڑی دلچسپی سے اس کی بات سن رہا تھا، اچانک دل بیٹھ سا گیا، کہ پتا نہیں اب کیا بولنے والا ہے۔

لیکن یار جب وہاں سے باہر کی دنیا میں نکلتا ہوں، تو دن گزرنے کے ساتھ ساتھ پھر سے واپس گناہوں میں گرنے لگ جاتا ہوں، نوبت یہاں تک آجاتی ہے کہ نماز پڑھنے کو بھی جی نہیں چاہتا۔

وہ کہتا گیا اور میں سنتا رہا، جب وہ اپنی دل کی بات کہہ چکا تو میں نے اللہ کا نام لے کر بات شروع کر دی۔

اپنا آئی فون زرا دو۔ میں نے انہیں کہا،

انہوں نے آئی فون نکال کہ تھما دیا، اب میں ان کی طرف متوجہ ہوا،

اسکی بیٹری کتنا ٹائم چارج مہیا کرتی ہے؟

تقریبا ا روز آرام سے اگر عام استعمال ہو تو۔ اس نے جواب دیا

اور اگر میں اس پہ فیس بک کھولوں تو؟

پھر تقریبن ۵،۴ گھنٹے تک،

اور اگر میں سکائپ، فیس بک، ویڈیو، گیم وغیرہ کھول دوں اور انہیں بیک گراونڈ میں چلنے دوں اکٹھے، تب؟

اس نے بنا سوچے جواب دیا کیا ماجرا ہے بھائی گھنٹے کے اندر بیٹری کا خاتمہ کرنا ہے کیا؟

میں نے مسکرا کہ کہا نہیں میرے بھائی، صرف جاننا چاہتا تھا، اچھا یہ بتاو اگر چارج ختم ہو رہی ہو ان ایپس سے، تو کیا کرنا ہوتا ہے آپکو؟

یار لازمی بات ہے بیٹری چارج کرنے کے لئے اسے چارجر میں لگانا ہوتا ہے۔

اب میں اپنے مدعے پہ آتا ہوں، دیکھو بھائی جس طرح آئی فون ہے نہ، اسی طرح آپ کچھ لمحے کے لئے اپنے آپ کو بھی آئی فون سمجھ لو،

اس میں جو بیٹری ہے، اسے اپنا ایمان سمجھ لو، ایپس کو نیک اعمال پہ قیاس کر لو۔۔۔

اب آپ علمائے کرام کی مجالس میں جاتے ہیں، وہاں سے آپکو چارج مل جاتا ہے، لیکن یہ چارج ایپس یوز بھی تو کر رہی ہے، ساتھ میں ارد گرد فتنوں کی بھرمار آپکی بیٹری کو حد سے زیادہ خالی کر رہی ہوتی ہے،

ایمانی قوت اور چارجنگ بیٹری

لیکن آئی فون کو صحیح چلانے کے لئے آپکو چارجر کا سہارالیناہوتاہے، یہ اصلاحی مجالس بھی چارجر ہی ہے، جب آپکو اپنی بیٹری (ایمان) کمزور ہوتاہوا محسوس ہو، آپ چارجر (اصلاحی مجالس، علمائے کرام کی صحبت) کی طرف دوڑے، انشأاللہ آپ کو مسلہ پیدا نہیں ہوگا۔ ساتھ میں بیٹری سئونگ ایپس (ذکر اذکار، قرآن کی تلاوت) یوز کریں، چارج کا دورانیہ بھی بڑھ جایا کریگا۔۔۔

میں نے بات کہ کے اسکے چہرے پہ نظر ڈالی، اس سے پہلے کہ وہ کچھ کہتا، میں نے آخری بات کے طور پہ کہا،

اور ہاں یاد رکھنا، جب بندہ آئی فون چارج کرتاہے تو چارجر میں عیب نہیں نکالتا، بلکہ اپنے مقصد پہ نظر رکھتاہے، اور وہ ہے بیٹری چارجنگ، اس لئے آپ بھی چارجرز میں عیب نکالنے کے بجائے ان سے فائدہ حاصل کریں، عیب نکالنے والے ویسے بھی بہت ہوتے ہیں۔

اس نے مسکرا کہ میری طرف دیکھا، جیسے کچھ کہنا چاہتاہو، لیکن اس سے پہلے ہی میں نے چپس کا پیکٹ سائڈ پہ کر دیا تھا، اور اس نے شرارتی انداز میں میری طرف دیکھا اور حملے کے لئے پر تولنے لگا۔